17-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	علم النحو+ علم الصرف	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة التجويد والقرأءة (السنة الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔"سار القطار و طلوع الشمس" مثال ہے:

(الف) مفعول مطلق کی (ب) مفعول فیہ کی (ج) مفعول لہ (د) مفعول معہ

2۔لفظ کی اقسام ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

3۔فعل کی مفعول کی ضرورت کے اعتبار سے اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

4۔معرفہ کی اقسام ہیں:

(الف) 2 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

5۔اسم کے غیر منصرف ہونے کے اسباب ہیں:

(الف) سات (ب) نو (ج) گیارہ (د) تیرہ

6۔"منطق" مثال ہے:

(الف) واحد کی (ب) تثنیہ کی (ج) جمع کی (د) جمع قلت کی

7۔افراد کے اعتبار سے اسم کی اقسام ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

8۔مرکب مفید کا دوسرا نام ہے:

(الف) جملہ (ب) کلام (ج) مرکب تام (د) تینوں

9۔لفظ کی معنیٰ کے اعتبار سے اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

10۔نحو کا لغوی معنی ہے:

(الف) طرف (ب) کنارہ (ج) قصد کرنا (د) تینوں

ورق الٹیے

11۔ منہاج الصرف کے مصنف کا نام ہے:

(الف) پروفیسر طاہر القادری (ب) پروفیسر نواز ظفر (ج) پروفیسر شفاقت علی (د) پروفیسر فیض اللہ

12۔ "مجتَنِب" مثال ہے:

(الف) اسم فاعل کی (ب) اسم مفعول کی (ج) اسم ظرف کی (د) اسم تفضیل کی

13۔ باب تفعل بنانے کیلیے ماضی مطلق میں حروف کا اضافہ کرتے ہیں:

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

14۔ ثلاثی مجرد کے ابواب کی تعداد ہے:

(الف) چار (ب) چھ (ج) آٹھ (د) دس

15۔ "کان ینصر" فعل ہے:

(الف) ماضی مطلق (ب) ماضی قریب (ج) ماضی بعید (د) ماضی استمراری

16۔ "یفتح" فعل ہے:

(الف) ماضی (ب) مضارع (ج) امر (د) نہی

17۔ "حفظ الدرس" کا ترجمہ ہے:

(الف) اس نے سبق بھلا دیا (ب) اس نے سبق یاد کیا (ج) اس نے سبق پڑھایا (د) اس نے سبق سنایا

18۔ "ضرب" صیغہ ہے:

(الف) واحد مؤنث غائب (ب) واحد مؤنث حاضر (ج) واحد مذکر غائب (د) واحد مذکر حاضر

19۔ تعداد حروف کے اعتبار سے کلمہ کی اقسام ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

20۔ صرف کا لغوی معنی ہے:

(الف) دھونا (ب) پھیرنا (ج) کھڑا ہونا (د) جمع کرنا

17-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	علم النحو + علم الصرف	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشہادۃ التجوید والقرأۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ______________________

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ مفعول معہ کی تعریف مع مثال لکھیں۔
2۔ تحذیر کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ تحریر کریں۔
3۔ حروف مشبہ بالفعل کتنے اور کون کون سے ہیں؟ تحریر کریں۔
4۔ واحد سے جمع بنانے کا قاعدہ مع مثال لکھیں۔
5۔ اسم غیر منصرف کی تعریف مع مثال لکھیں۔
6۔ تعریف و تنکیر کے اعتبار سے اسم کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟
7۔ اسم مفرد منصرف صحیح کا اعراب تحریر کریں۔
8۔ علامات تانیث تحریر کریں۔
9۔ فعل کی تعریف مع مثال لکھیں۔
10۔ جمع مذکر سالم بنانے کا طریقہ مع مثال لکھیں۔
11۔ منصرف کی تعریف مع مثال لکھیں۔
12۔ علم نحو کی دو کتابوں کے مکمل نام لکھیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ صریوں کے نزدیک صحیح سے کیا مراد ہے؟ مع مثال تحریر کریں۔
2۔ باب افتعال بنانے کا طریقہ مع مثال تحریر کریں۔
3۔ علم الصرف پر لکھی گئی دو کتابوں کے نام تحریر کریں۔
4۔ علامات مضارع کتنی اور کون کونسی ہیں؟ تحریر کریں۔
5۔ اسم تفضیل بنانے کا طریقہ مع مثال لکھیں۔
6۔ اصل کے اعتبار سے اسم کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ تحریر کریں۔
7۔ فعل لازم کی تعریف مع مثال لکھیں۔
8۔ حروف نواصب کتنے اور کون کونسے ہیں؟ تحریر کریں۔
9۔ ماضی استمراری بنانے کا طریقہ مع مثال لکھیں۔
10۔ فعل مضارع کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ تحریر کریں۔
11۔ فعل ماضی بعید کی تعریف مع مثال لکھیں۔
12۔ علم صرف کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. مبتداء اور خبر کے احوال کی مثالوں کے ساتھ تفصیلی وضاحت کریں۔
ii. اسم کی تعریف مع مثال لکھتے ہوئے یہ بتائیں کہ اسم کی علامات کتنی اور کون کونسی ہیں؟ مع امثلہ تحریر کریں۔
iii. اسم معرب کی تعریف مع مثال لکھتے ہوئے اسم معرب کی اقسام تحریر کریں۔ نیز اسم منقوص اور اسم مقصور کا اعراب مع امثلہ تحریر کریں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. فعل مضارع معروف و مجہول کی تعریف لکھتے ہوئے ان کے بنانے کا طریقہ لکھیں نیز "الدخول" مصدر سے مضارع معروف کی گردان تحریر کریں۔
ii. ثلاثی مجرد کے کتنے اور کون کونسے ابواب ہیں؟ نام تحریر کریں نیز "النصر" مصدر سے صرف صغیر لکھیں۔
iii. فعل ماضی کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ نیز فعل ماضی بعید بنانے کا طریقہ لکھتے ہوئے "الذھاب" مصدر سے فعل امر حاضر معروف کی گردان تحریر کریں۔